# قائد تحریک جناب الطاف حسین کا لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپوٹرر)30رمئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی صحافی برادری اپنے حقوق کیلئے ملک بھر میں متحد ہو جائے تو ایم کیوایم اپنی تمام سیاسی سرگرمیاں معطل کرکے ان کے جائز حقوق کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اگر ٹیلی ویژن اور اخبارات کے مالکان نے تنخواہوں سے محروم رپورٹرز، کیمرہ مین،فوٹوگرافرز اور صحافیوں کو ایک ماہ کے اندران کی تنخواہیں نہ دیں تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،صحافتی انجمنوں کے ذمہ داران سے بات کرکے ان ٹیلی ویژن اور اخبارات کے دفاتر کے سامنے مظاہرے کرے گی۔انہوں نے کہا کہ صحافیوں کیلئے ویج بورڈ پر جو بھی فیصلہ آیا اس پر صحافی برادری کا جو بھی متفقہ فیصلہ ہوگا ایم کیوایم ان کا سو فیصد ساتھ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ 22 مئی کو ہالی وڈ کی فلموں کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے جب 4 دہشت گردوں نے سینکڑوں سپاہیوں کی موجودگی میں مہران نیول بیس پر 16 گھنٹے تک قبضہ کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ باقی ماندہ پاکستان سلامت رہے اور ہمارے قومی دفاع کے ادارے ہر قسم کی گندگی سے پاک ہوکر قائم ودائم رہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں پی ایف یو جے، کے یو جے، اے ٹی جے، اے پی این ای سی ، پریس کلب کے عہدیداروں ، ملک بھر میں صحافتی انجمنوں اور صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل ، کے یو جے کے جنرل سیکریٹری حسن عباس، اے پی این ای سی کے چیئرمین ناصر نقوی، اے ٹی جے کے سیکریٹری جنرل فہیم صدیقی ، کے یو جے کے صدر سراج احمد، پی ایف یو جے کے سیکریٹری جنرل امین یوسف، نیشنل پریس کلب کے صدر افضل بٹ، پنجاب یونین آف جرنلٹس کے رانا عدیل اور پی ایف یو جے کے صدر پرویز شوکت نے بھی خطاب کیا۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے معزز صحافیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے محنت کش صحافی اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر صحافتی فرائض انجام دیتے ہیں لیکن وہ اپنے حقوق سے بھی محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں میں نے اپنے خطاب میں کہا تھا کہ جو اینکر پرسن ملک کی نازک ترین صورتحال میں قوم کو سچ بتانے کے بجائے گمراہ کررہے ہیں انہیں ملک وقوم سے کوئی محبت نہیں ہے، جو صحافی، تجزیہ نگار اور اینکر پرسن قوم کی صحیح رہنمائی کررہے ہیں میں انہیں سلام تحسین اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے پریس کلب کی جس طرح ایم کیوایم کے معاونت اور مدد کی ہے اس طرح کسی بھی جماعت نے نہیں کی ہے کیونکہ غریب کا خیال غریب اور ڈاکو کا خیال ڈاکو ہی رکھتا ہے۔گمنام رپورٹرز، کیمرہ مین اور فوٹوگرافرز مشکل حالات اور سفری تکالیف برداشت کرکے خطرناک جگہوں پر جاکر بدعنوانیوں کے ثبوت کی عکس بندی اور رپورٹنگ کرتے ہیں لیکن آج وہ اپنے حقوق سے اسے لئے محروم ہیں کہ ان میں اتحاد نہیں ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جائز حقوق سے محروم صحافی برادری کراچی سے پشاور تک محدود ہو جائے تو ایم کیوایم اپنی تمام سیاسی سرگرمیاں معطل کرکے حقوق کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ ہوگی۔صحافت کے پیشہ کے تقدس کا احترام کرنے والے 98 فیصد طبقہ کے جرات مند صحافی پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی میں شہید ہوجاتے ہیں جبکہ 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والی نامی گرامی اینکر پرسن دنیا کے مختلف ممالک میں خطرناک مقامات کی کوریج کرتے ہیں اور انہیں کوئی گزند نہیں پہنچتی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے صحافیوں کے حقوق کے لئے بارہا اسمبلی میں ویج بورڈ ایوارڈ کے قرارداد منظور کرائی ،کوئی وزیراعظم ایسا نہیں ہے جسکے سامنے مظلوم صحافیوں کا مقدمہ پیش نہ کیا لیکن حکمرانوں نے صحافیوں کو ان کا حق نہیں دیا۔اگر ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے صحافی اپنے حقوق کیلئے ایک پرچم تلے متحد ہوجائیں تو اخبارات کے مالکان انہیں ویج بورڈ ایوارڈ دینے پر مجبور ہوجائیں گے۔اگر صحافی برادری، ایم کیوایم کا ساتھ دے اور متحد ہوجائے تو پھر وہ تنہا نہیں ہوں گے بلکہ پوری ایم کیوایم ان کے ساتھ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ظلم وستم کے ستائے ہوئے یہ غریب صحافی اپنے حقوق سے محروم جبکہ 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے صحافی تابناک قسمت کے مالک بنے بیٹھے ہیں۔انہیں ہر قسم کی مراعات مل رہی ہے جبکہ 98 فیصد غریب طبقہ کے صحافی اپنی تنخواہوں سے بھی محروم ہیں۔ان مراعات یافتہ طبقہ کے صحافیوں کے خلاف مظلوم صحافیوں کو اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور ان کا سوشل بائیکاٹ کرنا چاہئے۔

جناب الطاف حسین نے ٹی وی چینلز اور اخبارات کے مالکان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جن چینلز اور اخبارات سے وابستہ صحافیوں اور ملازمین کو تنخواہیں ادا نہیں کی جارہی ہیں اگر انہیں ایک مہینے میں تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں تو صحافیوں اور ملازمین کے ساتھ ایم کیوایم بھی اخبارات اور چینلز کے دفاتر کے سامنے دھرنے میں شامل ہوگی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ برسوں سے ایم کیوایم پر ٹارچر سیلوں اور بوری بند لاشوں کا بیہودہ الزام لگایا جاتا رہا۔بوری بند لاشوں کا سلسلہ جو کرے گا وہ بہادر نہیں بزدل ہوگا اور جو بہادر ہوگا وہ بوری بند لاشوں کی نہیں سرعام لٹکانے کی بات کرے گا۔انہوں نے کہا کہ جو لوگ ایم کیوایم پر 12 مئی کا الزام لگاتے ہیں وہ سچ سننے کا حوصلہ بھی پیدا کریں کہ اور سچ یہ ہے کہ جماعت اسلامی، اے این پی، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے رہنماؤں نے اعلان کیا تھا کہ 12 مئی کو ریلی کے سلسلے میں تمام جماعتوں کے سربراہان صبح ہی صبح سڑکوں پر موجود ہوں گے لیکن 12 مئی کو تمام جماعتوں کے رہنما غائب تھے اور 11 مئی کی رات کو جماعت اسلامی کراچی کے ایک رہنما کے گھر پر ایک اجلاس ہوا جس میں دہشت گردوں کو ایم کیوایم کے پرچم اور رقم دی گئی اور انہیں بتایا گیا کہ ہتھیار انہیں جماعت کا ایک شعبہ فراہم کرے گا۔اسی طرح ANP کے بڑے رہنما نے کراچی میں اپنے رہنماؤں کو ہدایت کی کہ ریلی کے مقام پر تمام فلیٹوں پر مسلح افراد بٹھادو جو ریلی کے شرکاء پر براہِ راست فائرنگ کریں۔اس کے گواہ آج بھی زندہ ہیں اور وہ پشتو بولنے والے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی ریلی نہ چیف جسٹس کو روکنے کیلئے تھی اور نہ ہی کسی کے خلاف تھی بلکہ عدلیہ کی آزادی کیلئے تھی۔ایم کیوایم کی ریلی میں نوجوان ہی شامل نہیں تھے بلکہ معصوم بچے بچیاں، مائیں بہنیں اور بزرگ بھی شامل تھے اور اگر کوئی لڑنے کے ارادے سے گھر سے نکلے تو وہ معصوم بچوں اور ماؤں بہنوں اور بزرگوں کو لیکر نہیں نکلتا۔12 مئی کو ہمارے 14 ساتھی شہید ہوگئے جن میں پختون بھی شامل تھے،ہم نے ان کے نام پتوں کے ساتھ فہرست بھی شائع کی ہمارے علاوہ کسی نے اپنے جاں بحق ہونے والوں کی کوئی فہرست جاری نہیں کی۔آج تک 12 مئی کا ڈھول پیٹا جاتا ہے۔انہوں نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ سپریم کورٹ میں 12 مئی کا مقدمہ چلایا جائے،ہم پیش ہونے کیلئے تیار ہیں، ہمارے پاس اس کے ثبوت بھی موجود ہیں کہ کون کون ملوث ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے لوگ 12 مئی کے واقعہ پر گواہی دینے کیلئے کورٹ گئے تو ہمیں بدنام کرنے کیلئے کہا گیا کہ ایم کیوایم نے کورٹ پر حملہ کیا۔ دوسرے لوگ سپریم کورٹ پر باقاعدہ حملہ بھی کریں تو اسے پھول برسانا کہا جاتا ہے اور ہم گواہی دینے جائیں تو اسے حملہ قرار دیدیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پر 9 اپریل کو وکلاء کو جلانے کا شرمناک الزام بھی لگایا جاتا ہے،انہوں نے صحافیوں سے کہا کہ آپ ایم کیوایم پر الزام لگانے والوں کے پاس جا کر ان سے کہیں کہ اگر وہ سچے ہیں تو جلائے جانے والے وکلاء کے نام، پتے اور رجسٹریشن نمبر پیش کردیں،اگر وہ ایسا کردیتے ہیں تو میں جھوٹا اور اگر وہ پیش نہ کرسکیں تو صحافی بھائی ایسے جھوٹوں کا احتساب کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر الزامات اسلئے لگائے جاتے ہیں کہ وہ غریبوں کی جماعت ہے اور لٹیروں کے خلاف ہے۔ایم کیوایم سچائی کی بات بھی کرے تو سب کو بری لگتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے تین روز قبل اپنے خطاب میں کہا کہ ہمارے دفاعی اداروں کے کچھ حصے کو گینگرین ہوگیا ہے،اداروں کو مکمل تباہی سے بچانے کیلئے اس گینگرین زدہ حصے کو کاٹ کر الگ کردو اور اداروں اور پاکستان کو بچالو۔انہوں نے کہا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ خودکش حملے امریکہ کے ڈرون حملوں کا ردعمل ہیں۔اگر ایسا ہے تو امریکہ افغانستان میں بیٹھا ہے، جاؤ وہاں جا کر امریکیوں سے لڑو، پاکستان کے شہروں،مسجدوں،مزاروں،امام بارگاہوں،اسکولوں اور بازاروں کو کیوں نشانہ بنارہے ہو؟ان معصوم کا کیا قصور ہے؟انہوں نے پی این ایس مہران بیس پر حملے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 22 مئی کو جو فلم چلی ہے کہ چار دہشت گردوں نے 16 گھنٹوں تک پی این ایس مہران بیس پر قبضہ کئے رکھا،اس فلم نے ہالی وڈ اور بالی وڈ کی فلموں کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے کسی کی پرواہ نہیں، مجھے صرف پاکستان کی پروا ہے، میں چاہتا ہوں کہ ہمارے ادارے گندے لوگوں سے پاک ہوں، ملک بچ جائے اور قائم و دائم رہے۔ملک میں خوشحالی آئے ، 98 فیصد لوگ خوشحال ہوں اور 2 فیصد لوگوں کو اپنے کئے کی سزا ملے۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین جھوٹ بولنے والا نہیں، الطاف حسین ملک کی دولت لوٹ کر نہیں بھاگا۔ایم کیوایم 87ء سے بلدیہ اور 88ء سے کئی مرتبہ مخلوط حکومتوں میں شامل رہی ہے لیکن کراچی،اسلام آباد،مری میں الطاف حسین کے بنگلے، جائیدادیں یا فارم ہاؤسز کیوں نہیں بن گئے؟ میں کرپشن کے خلاف ہوں۔جناب الطاف حسین نے GEO کے اسپورٹس چینل ''جیوسوپر'' پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے حکومت،صدر اور وزیراعظم سے مطالبہ کیا کہ اگر جیو نے کوئی ٹیکس نہیں دیا ہے تو اس کے خلاف کارروائی کرو لیکن صرف انتقامی کارروائی کرتے ہوئے اس کا لائسنس منسوخ کرنا قابل مذمت ہے۔جیو یا کسی اور بھی چینل کو انتقامی کارروائی کا نشانہ نہ بنایا جائے اور جیوسوپر اور جس چینل کو بھی بند کیا گیا ہے اسے فی الفور کھولا جائے۔

## کیماڑی ٹاؤن میں ایم او سی کے تحت ایم کیوایم کے سیکٹر آفس کا افتتاح کردیا گیا

کراچی۔۔۔30 مئی 2011ء

کیماڑی ٹاؤن کے علاقے حسن بخش روڈ پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے سیکٹر آفس کا افتتاح کردیا گیا۔سیکٹر آفس کا افتتاح متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک،صوبائی وزیر برائے صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی ،رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج شکیل عباسی نے اتوار کی شب حسن بخش روڈ پر منعقدہ بڑے عوامی جلسے کے بعد سرخ فیتہ کاٹ کر کیا اور پرچم کشائی کی۔بعدازاں انہوں نے ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کی کامیابی،ایم کیوایم کیخلاف کی جانے والی سازشوں کے خاتمے،شہداء کی مغفرت و بلند درجات اور پاکستان کی بقاء وسلامتی سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کیماڑی ٹاؤن کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ حق پرست عوام کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔کیماڑی ٹاؤن ایم کیوایم کے سیکٹر آفس کے افتتاح کا علاقے کے عوام کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا گیا اور اس موقع پر عوام وکارکنان کا جوش وخروش قابل دید تھا جو ایم کیوایم کے پشتو زبان کے ترانوں پر والہانہ انداز میں رقص کرتے رہے اور جئے الطاف جئے متحدہ اور اردو پختون بھائی بھائی کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے ہیں جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## متحدہ قومی موومنٹ عوامی جماعت ہے جو غریبوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے، گلفراز خان خٹک

## حسن بخش روڈ پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کیماڑی سیکٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔30، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ عوامی جماعت ہے جو غریبوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکروفلسفہ نے ملک کی تمام قومیتوں، مسالک اور مذاہب کے عوام کو یکجا کردیا۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے اتوار کی شب کیماڑی کے علاقے حسن بخش روڈ پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے سیکٹر آفس کے افتتاح کے موقع پر عوام کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کیماڑی میں سیکٹر آفس کا افتتاح متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے کیا گیا اور اس سلسلے میں بڑی تقریب منعقد کی گئی جس میں کیماڑی کے حق پرست پختون، کچھی، پنجابی، بلوچ، سرائیکی، میمن، بنگالی اور مختلف برادریوں کے افراد کے علاوہ اردو بولنے والوں نے بھی شرکت کی، تقریب میں پختون خواتین نے خصوصی طور پر شرکت کی۔تقریب سے حق پرست صوبائی وزیر عبدالروٗف صدیقی، رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج شکیل عباسی، جوائنٹ انچارج شیر ولی کے علاوہ دیگر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کیماڑی سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ دیگر نے بڑی تعداد میں موجود تھے۔تقریب سے خطاب میں رکن رابطہ کمیٹی اور دیگر مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جماعت ہے جو باچا خان اور ولی خان کے امن کے فلسفے پر عمل پیرا ہوکر غریبوں کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ پاکستان دشمن قوتوں نے ایک سازش کے تحت پختونوں اور اردو بولنے والوں کو آپس میں لڑایا اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی۔متحدہ قومی موومنٹ کسی خاص زبان بولنے والوں کی نہیں بلکہ پختون، کچھی، پنجابی، سرائیکی، بلوچی، سندھی، بنگالی اور اردو بولنے والوں سمیت تمام مذاہب ومسلک کے ماننے والوں کی جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ پختون مظلوم قوم ہے اور آج ثابت ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم پختونوں کی سب سے بڑی ہمدرد جماعت ہے، ایم کیوایم ملک کی تعمیروترقی میں جو کردار ادا کررہی ہے اس سے تمام قومیتوں کے لوگ مستفید ہورہے ہیں جو اس کی بلا امتیاز خدمت کی روشن مثال ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم ایسا پاکستان چاہتی ہے جس کا خواب قائداعظم محمد جناحؒ اور شاعر مشرق علامہ اقبالؒ نے دیکھا اور باچا خان اور ولی خان نے اس کی تعمیر کیلئے امن کا فلسفہ پیش کیا۔انہوں نے سیکٹر آفس کے افتتاح اور اس موقع پر بڑی تقریب منعقد کرنے پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی، کیماڑی سیکٹر کمیٹی اور یونٹ کے ایک ایک کارکن کو خراج تحسین پیش کیا اور انہیں مبارکباد دیتے افتتاحی تقریب میں بھرپور شرکت کرنے پر حق پرست عوام بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین کا شکریہ ادا کیا۔

## تحریک منہاج القرآن اور جامعہ بنوریہ العالمیہ کے وفود کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب سے ملاقات

## وفود نے جناب الطاف حسین کی ملک کے استحکام اور سالمیت کیلئے عملی خدمات کو سراہا

کراچی۔۔۔30، مئی 2011ء

تحریک منہاج القرآن کے 9 رکنی وفد نے مرکزی ناظم اعلیٰ انٹرنیشنل لاہور ڈاکٹر رفیق احمد عباسی اور جامعہ بنوریہ العالمیہ کے ایک نمائندہ وفد نے علامہ عبدالصمد سومرو کی سربراہی میں خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، متحدہ علماء کمیٹی کے ارکان ناصر یامین اور منظر مہدی بھی موجود تھے۔ملاقات میں ڈاکٹر رفیق احمد عباسی اور علامہ عبدالصمد سومرو نے ملک کے استحکام اور سالمیت کیلئے جناب الطاف حسین کی عملی خدمات کو سراہا اور ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں باہمی روابط پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے غریب ومتوسط طبقے کو ایوانوں میں پہنچایا اور ملک وقوم کیلئے جناب الطاف حسین اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام کی صورت میں انمول عطیہ ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے تحریک منہاج القرآن اور جامعہ بنوریہ العالمیہ کے وفود کی نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کیا اور ان کے خیالات کو سراہا۔

## ریاستی آپریشن کے دوران ایم کیوایم 28 لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ کی یادگار شہداء حق پر حاضری

کراچی۔۔۔30، مئی 2011ء

ایم کیوایم کے خلاف 19، جون 1992ء کے ریاستی آپریشن میں سرکاری ایجنسیوں کی جانب سے باقاعدہ گرفتاری کے بعد لاپتہ ہونے والے ایم کیوایم کے 28 کارکنان کے اہل خانہ نے پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراوٗنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی گئی ’’یادگار شہداء حق‘‘ پر حاضری دیکر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## مسئلہ کشمیر کا حل وہاں کی عوام کی رائے کے مطابق ہونا چاہیے، زبیر احمد خان

## کشمیری عوام کشمیر میں ہونیوالے الیکشن میں پڑھے لکھے اور ایماندار افراد کو منتخب کریں

## الطاف حسین کا نظریہ ہر مظلوم کے دل کی آواز بن چکا ہے اور لوگ ایم کیو ایم کے پرچم تلے تیزی سے متحد ہو رہے ہیں، ڈاکٹر سلیم دانش

لندن۔۔۔30 مئی 2011ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ ویکفیلڈ (WAIKFIELD) کے تحت ایک اجلاس منعقد کیا گیا جسمیں ویکفیلڈ میں مقیم کشمیریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر زبیر احمد خان نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ہمیشہ کشمیر کو انتہائی اہمیت دی ہے اور کشمیریوں کے مسائل کے حل کے لئے واضح پالیسی بنائی ہے۔ایم کیو ایم کا یہ مئوقف ہے کہ کشمیر کشمیریوں کا ہے اور مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم سب مل کر پاکستان اور کشمیر کی تعمیر اور ترقی کے لئے مل جل کر کام کریں اور پاکستان میں جاری کرپٹ اور فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے پاس مسائل کو حل کرنے کا نسخہ موجود ہے اور ایم کیو ایم کے حق پرست نمائندے اس کی عملی تصویر ہیں جو کہ جناب الطاف حسین کی ہدایت پر دن رات عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہیں اب کشمیری بھائیوں کو بھی چاہیے کہ وہ کشمیر میں ہونیوالے الیکشن میں ایسے پڑھے لکھے اور ایماندار افراد کو منتخب کریں جوان کے مسائل کے حل کے لئے بھرپور کردار ادا کرسکیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیو ایم کا قیام عوامی خدمت کے لئے ہی وجود میں آیا تھا اور اپنے قیام سے لے کر آج تک ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی عملی خدمت کرتی چلی آرہی ہے اور آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ہر مظلوم کے دل کی آواز بن چکا ہے اور لوگ ایم کیو ایم کے پرچم تلے تیزی سے متحد ہو رہے ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب ملک بھر میں غریب ومتوسط کا انقلاب آئے گا۔اجلاس سے ایم کیو ایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ہاشم اعظم، سہیل خانزادہ، منشاء خان اور مقامی کمیونٹی کے لیڈر حاجی چوہدری محمد بشیر نے بھی خطاب کیا جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت حافظ ظفر نے حاصل کی۔

## سرتاج خان یوسفزئی، سلیم بنگش، اسلم خان بنگش کی سینکڑوں ساتھیوں کے ساتھ ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرلی

## شمولیت کا اعلان کراچی پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

پختون اتحاد سندھ کے صدر اور عوامی نیشنل پارٹی ضلع غربی کراچی کے سینئر نائب صدر وسابق ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی سرتاج خان یوسفزائی نیشنل ٹرانسپورٹ اتحاد سندھ کے صدر و متحدہ بنگش قبائل کراچی کے چیئرمین سلیم بنگش، جنرل سیکریٹری کراچی ٹرانسپورٹ ورکرز یونین اسلم خان بنگش نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیو ایم میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرلی ہے۔ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان انہوں نے پیر کے روز کراچی پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شیر ولی آفریدی واراکین ڈاکٹر شیر علی آفریدی، کامران خان اور ایوب درانی کے علاوہ شاہ محمود خان، فرید جدون خان، مجاہد خان، شمش الرحمٰن، گل محمد خان اور دیگر بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کی واحد جماعت ہے جو نا صرف غریبوں اور مظلوموں کے حقوق کی علمبردار ہے بلکہ غریب عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد بھی کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں تمام مظلوم ومحکوم قومیتوں تک پہنچ رہا ہے اور ایم کیو ایم تیزی کے ساتھ پورے ملک میں پھیل رہی ہے وہ دن زیادہ دور نہیں جب ایم کیو ایم ملک کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھرے گی۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی سیاسی جماعتوں اور ان کے سربراہان میں سے صرف ایم کیو ایم ہی وہ واحد جماعت اور جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو فرسودہ جاگیردارانہ اور موروثی نظام کا خاتمہ کرکے ملک میں 98 فیصد غریب اور متوسط طبقے کی حکمرانی چاہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے ایم کیو ایم کے مثالی نظم وضبط، الطاف حسین کی شخصیت اور ان کے فکر وفلسفے بہت زیادہ قریب سے مشاہدہ کیا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیو ایم کے علاوہ کوئی اور ایسی جماعت نہیں ہے جو ملک کے مظلوم عوام کے مسائل حل کرسکے۔انہوں نے پختون عوام سے اپیل کی کہ وہ آگے آئیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے شانہ بشانہ کام کریں اور کراچی میں اردو بولنے والے اور پشتو زبان بولنے والوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے والے عناصر کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ تمام غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام قائد تحریک الطاف حسین کے دست وبازو بن جائیں اور ان کا بھرپور ساتھ دیں۔انہوں نے صحافیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم 500 ساتھیوں کے ساتھ ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرتے ہیں اور ایم کیو ایم میں ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کریں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جمعہ کے روز ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس میں کیئے گئے الطاف حسین کے خطاب کو لاہور کی عوام نے بہت سراہا

## ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں ہزاروں کالز، امیل اور فیکسز موصول ہوئے جن میں الطاف حسین کے خطاب کو بہت سراہا گیا

## الطاف حسین نے جو باتیں اپنے خطاب میں کی لاہور کی عوام ان کی ساری باتوں سے متفق ہے، لاہور کے شہریوں کا ردعمل

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے خطاب پر لاہور کے ہر مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کا ردعمل قابل دید ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا

لاہور:۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت لاہور سمیت ملک کے 36 شہروں میں جمعہ کو ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے خطاب کو لاہور کی عوام نے بہت سراہا۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد سے ہی ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں عوام کی بڑی تعداد جن میں صحافی، تجزیہ نگار، جرنلسٹ، ڈاکٹرز، وکلاء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے رابطہ کر کے الطاف حسین کے اس خطاب کو بہت سراہا، اس کے علاوہ ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں مسلسل لاہور کے شہریوں کی کالز، فیکسز اور ای میل بھی موصول ہو رہی ہیں۔ شہریوں نے اپنے خیلات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین پاکستان کے وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے امریکہ کی پاکستان میں مداخلت کے خلاف آواز بلند کی، چاہیے وہ ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کی ہلاکت ہو یا کراچی میں نیول بیس پر دہشتگردوں کا حملہ الطاف حسین کا موقف ہمیشہ قبل دید رہا، عوام نے کہا کہ اب سیاسی لیڈروں اور مقتدر اداروں کے ذمہ داران کو الطاف حسین کے سوال کا جواب قوم کو بتانا ہوگا کہ روس اور امریکہ کی جنگ میں کود کر ہم نے بڑی غلطی کی ہے، اس جنگ کے دوران جن طالبان کو دشمنوں سے لڑنے کے لئے بنایا گیا تھا آج وہ ہمارے لئے سب سے بڑا خطرہ بن چکے ہیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب پر لاہور کی عوام کا ردعمل قابل دید ہے اور یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ پاکستان بلخصوص پنجاب کی عوام الطاف حسین کے ہر فیصلے پر الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے تاریخی کردار ادا کیا، محمد شریف

## قائد تحریک الطاف حسین ملک کے 98 فیصد غریب و مظلوم طبقہ کی آخری امید کی کرن ہیں اکرم عادل

## ضلع مٹیاری کے مضافاتی علاقے گوٹھ وصی مرادشاہ اور تعلقہ بھٹ شاہ کے مکینوں کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کے موقع پر خطاب

حیدرآباد۔۔۔30 مئی 2011ء

گذشتہ روز ضلع مٹیاری کے مضافاتی علاقے گوٹھ وصی مرادشاہ اور تعلقہ بھٹ شاہ میں علاقے کے مکینوں کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کی زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی رسول بخش میمن، افتخار احمد قائم خانی، حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین اور رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے شرکت کی اس موقع پر زونل انچارج محمد شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد ہی ایک روز اس ملک کے فرسودہ نظام کو بدلے گی انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین سندھ کو ہر قسم کے ظلم و جبر اور زیادتی سے نجات دلانے کیلئے جدوجہد میں مصروف عمل ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے تاریخی کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ آج آپ کی جانب سے کیا جانے والا متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا پروگرام بھی اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی بتدریج پھیل رہا ہے۔ تقریب سے رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ملک کے 98 فیصد غریب و مظلوم طبقہ کی آخری امید کی کرن ہے اور آپ کا تعلق 98 فیصد طبقہ سے ہے اور قائد تحریک الطاف حسین اور انکی تحریک سے وابستہ ہر فرد 98 فیصد طبقہ سے تعلق رکھتا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ انہی 98 فیصد عوام کے حقوق کے حصول کی تحریک کا نام ہے انہوں نے کہا کہ بہت جلد قائد تحریک الطاف حسین کا انقلابی نظریہ سندھ بھر کے غریب ہاری کسان اور مزدور کو خوشحالی اور ظالمانہ وجاگیردارانہ نظام کے تسلط سے نجات دلائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حقوق کی اس جدوجہد کو ہم اپنے قائد الطاف حسین پر غیر متزلزل یقین اور بلند حوصلے کیساتھ ہی کامیاب بنا سکتے ہیں اس موقع پر رئیس پیر بخش پھہنور، محمد ملوک سومرو، محمد ہاشم کوسو، غلام عباس یار محمد وگھیو، مہر علی ملاح، شفیع محمد خاصخیلی، غلام قادر سومرو، آصف علی پھور، امجد علی شاہ، غلام محمد جونیجو، فدا حسین جونیجو، علی شیر جٹ، برکت چوہان، محمد حن چوہان، روشن چوہان اور دیگر افراد نے اپنی اپنی برادریوں کیساتھ قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں اپنی شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب سے شمولیت کرنے والی مختلف برادریوں کے رہنماؤں اور دیگر افراد نے بھی خطاب کیا۔

## کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر تنظیمی خدمات منظّم انداز میں انجام دینے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں، انچارج و اراکین زونل کمیٹی

سکھر:۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین و اراکین کمیٹی نے کہا ہے کہ تحریک میں شامل کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر تنظیمی خدمات منظّم انداز میں انجام دینے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 36 پنو عاقل میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم سکھر زون کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ سکھر زون کے ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ پورے ملک میں روشنی کی طرح پھیل رہا ہے اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب اور مظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین  سے سچی محبت کرنے والا ایک ایک کارکن ملک میں اپنے غریب بھائیوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے،ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے ملک کے فرسودہ نظام پر قابض جاگیرداروں اور وڈیروں کی نیندیں حرام ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں حق اور سچ کے انقلاب کے ذریعے ظلم و ناانصافی کا خاتمہ ہوگا اور غریب عوام کو بے وقوف بنانے والے کرپٹ سیاستدانوں کا احتساب کیا جائیگا۔انہوں نے کارکنان کو تلقین کی کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام کریں اور حالات سے آگاہی کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے بیانات و تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں تنظیمی نظم و ضبط کی پابندی کا خاص خیال رکھیں۔

## ایم کیو ایم مظفرآباد ڈسٹرکٹ کی تنظیم نو کرکے نومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا

## متحدہ قومی موومنٹ نے جو منشور دیا ہے وہ آزاد کشمیر کے حق پرست عوام کیلئے تعمیر و ترقی کی نئی راہ کھول دے گا، عابد زیدی

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد آزاد کشمیر کی عوام کے آنیوالی نسلوں کی بقاء و سلامتی کی ضامن ہے، ارشاد ظفیر

## تنظیم نو کے سلسلے میں مظفرآباد زون میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے اراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی خطاب

مظفرآباد:۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

متحدہ قومی مظفرآباد ڈسٹرکٹ کمیٹی کی نو تنظیم کے سلسلے میں گزشتہ روز مظفرآباد زون آفس میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا،جسمیں ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے نومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔اجلاس میں صوبائی تنظیمی کمیٹی ارشاد ظفیر، عابد زیدی، کے اراکین، مظفرآباد زون کے انچارج ملک تنویر، جوائنٹ انچارج خورشید کیانی، زونل ممبران اور ڈسٹرکٹ کمیٹی اراکین اور کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔اجلاس سے خطاب  کرتے ہوئے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی نے کہا کہ آزاد کشمیر کیلئے متحدہ قومی موومنٹ نے جو منشور دیا ہے وہ آزاد کشمیر کے حق پرست عوام کیلئے تعمیر و ترقی کی نئی راہ کھول دے گا۔قائد تحریک الطاف حسین بھائی پاکستان و آزاد کشمیر کی عوام کو موروثی سیاست اور کرپٹ سیاستدانوں سے نجات دلانے کی مثالی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید رکھنی چاہیے کہ 63 سالوں سے ملک میں پھیلائی گئی کرپشن اور موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے الطاف حسین اور متحدہ نے جو بیڑا اٹھایا ہے وہ انشاءاللہ تعالیٰ کشمیری عوام کے تعاون سے ملک میں آنیوالے انقلاب کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا جو آئندہ آنے والی نسلوں کے مستقبل کیلئے بہتری کا باعث بنے گا۔اس موقع پر ارشاد ظفیر نے کہا کہ امید ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد آزاد کشمیر کی عوام کے آنیوالی نئی نسلوں کی بقاء و سلامتی کی ضامن ہے اور جلد انشاءاللہ کامیابی آزاد کشمیر کی عوام کا مقدر بنے گی۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد سچائی پر مبنی ہے جس سے متاثر ہوکر غریب و مظلوم طبقے کے افراد اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں جس کا سہرا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سر کو جاتا ہے جنھوں نے اپنی سوچ و فکر کے ذریعے ملک میں غریب و مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے حق پرست تحریک کی بنیاد رکھی اور اس تحریک کے پیغام کو ملک بھر میں عام کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔انہوں نے نومنتخب ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں تلقین کی کہ تمام ذمہ داران و کارکنان تحریک کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں ۔علاوہ ازیں اجلاس سے مظفرآباد زون کے انچارج ملک تنویر نے بھی خطاب کیا

## ایم کیوایم لاہور زون کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کا اعلان کر دیا گیا

## شعبہ جات کے اراکین کا اعلان ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوانے کیا

لاہور:۔۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

ایم کیوایم لاہور زون کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کا اعلان کر دیا گیا۔میڈیا سیل،الیکشن سیل،شعبہ ایڈمنسٹریشن،فنانس کمیٹی اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران کا اعلان ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوانے کیا۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوانے نئے منتخب ہونے والے شعبہ جات کے ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ لاہور میں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف شعبہ جات کا اعلان کیا گیا تا کہ ہر شعبے کے ذمہ داران اپنے اپنے شعبہ کا کام بھر پور طریقے سے کرسکیں۔

## خیر پور ناتھن شاہ کی معزز شخصیت سردار آصف کی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم شمولیت

دادو:۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

ایم کیوایم کے نظریہ،فکر وفلسفے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر خیر پور ناتھن شاہ کی معزز شخصیت سردار آصف اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم دادوزون آفس میں دادوزون کے انچارج واراکین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم دادوزون کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔سردار آصف نے زونل کمیٹی کے انچارج واراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک گیر جماعت ہے جس میں تمام قومیتوں کے افراد کے شامل ہوکر اپنے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کرر ہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد غریب ومظلوم عوام کیلئے ہے جس سے متاثر ہوکر ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں اسی مشن ومقصد کے حصول کیلئے ہم ایم کیوایم میں شامل ہوئے ہیں تا کہ ملک کی تعمیر وترقی میں قائد تحریک کی جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔اس موقع پر زونل کمیٹی کے انچارج واراکین نے سردار آصف کے جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں بسنے ہر مظلوم ومحروم طبقے کی جماعت ہے جوان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورایم کیوایم ملک بھر میں جہاں جہاں عام ہورہا ہے وہاں ایم کیوایم اور الطاف حسین کے چاہنے والوں کی محبت میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہواور ملک سے جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ ہو۔انہوں نے سردار آصف اوران برادری کے افراد کوایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پران کا خیر مقدم کیا اور مبارکباد پیش کی۔

## حق پرست صوبائی وزیر سید سرادار احمد کی والدہ محترمہ رفیع النساء کے انتقال پر ایم کیوایم لاہور زون کا اظہار افسوس

لاہور:۔۔۔۔۔30 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے اراکین نے حق پرست صوبائی وزیر سندھ سید سردار احمد کی والدہ محترمہ رفیع النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داران نے سید سردار احمد سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم لاہور زون تمام ذمہ دارن وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

☆☆☆☆☆